آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA
روزنامہ
نوائے احمد پور شرقیہ
بہاولپور
چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر
ٹیلیفون نمبر: 062-2508053
موبائل: 0301-7740405
ایڈیٹر: اعجاز احمد خان
مینیجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی
E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com
جلد نمبر 20 | بروز بدھ 22 اپریل 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زر سالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 54

ٹرمپ کی ایران سے معاہدہ نہ ہونے پر بمباری کی دھمکی

سیز فائر میں توسیع نہیں ہوگی

میری توقع ہے کہ بمباری ہوگی کیونکہ میرے خیال میں یہ ایک بہتر حکمت عملی ہے' ایران نے متعدد مرتبہ جنگ بندی کی خلاف ورزی کی' آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول ہے، آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی ایک بڑی کامیابی ہے' امریکی ٹی وی سے گفتگو

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران سے معاہدہ نہ ہونے پر بمباری کی دھمکی دے دی۔ امریکی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ میری توقع ہے کہ بمباری ہوگی کیونکہ میرے خیال میں یہ ایک بہتر حکمت عملی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران نے متعدد مرتبہ جنگ بندی کی خلاف ورزی کی، اب سیز فائر میں مزید توسیع نہیں

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پوری دنیا مذاکرات کی حمایت کر رہی ہے

ہم اپنے پاکستانی بھائیوں کی بھی حمایت کر رہے ہیں: قطر

ترجمان قطری وزارت خارجہ ماجد الانصاری نے کہا ہے کہ، آبنائے ہرمز کی مسلسل بندش کے باعث علاقائی بحران بین الاقوامی بحران بن گیا ہے

قطر کی جانب سے ایران امریکا مذاکرات پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ قطر سمیت پوری دنیا مذاکرات کی حمایت کر رہی ہے۔ ترجمان قطری وزارت خارجہ ماجد الانصاری نے کہا ہے کہ ہم اپنے پاکستانی بھائیوں کی بھی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امن مذاکرات میں شرکت کیلئے ایرانی جواب کا تاحال انتظار ہے: عطا تارڑ

جنگ بندی 22 اپریل کی صبح 4:50 بجے ختم ہو رہی ہے، پاکستان بطور ثالث ایرانیوں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ اسلام آباد امن مذاکرات میں شرکت کے لیے وفد کی تصدیق کے حوالے سے ایران کی جانب سے باضابطہ جواب کا تاحال انتظار ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فکرِ اقبال نئی نسل کے لیے عزم، حوصلے اور بلند مقاصد کے تعین کا روشن مینار ہے

وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ علامہ اقبال کی تعلیمات خود انحصاری، کردار

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کمشنر عرفان علی کاٹھیا کی زیر صدارت ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کا اجلاس

9 ترقیاتی منصوبے منظوری کیلئے پیش

اجلاس میں ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے شرکت کی، جبکہ ڈپٹی کمشنر رحیم یار خان اور ڈپٹی کمشنر بہاولنگر نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں حصہ لیا

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا کی زیر صدارت ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کا اعلیٰ سطحی اجلاس، 9 ترقیاتی منصوبے منظوری کے لیے پیش۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن نے ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی (DDWP) کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ڈویژن بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اجلاس میں ڈویژن کے اضلاع میں جاری اسکیموں کی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا ہمراہ ہیں۔

چینی صدر کا عالمی برادری سے تنازعات کے حل میں تعمیری کردار ادا کرنے کا مطالبہ

عالمی توانائی اور تجارت کے لیے اہم گزرگاہ آبنائے ہرمز میں معمول کی بحری آمد و رفت کو ہر صورت برقرار رکھا جانا چاہیے، اس اہم سمندری راستے میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ نہ صرف علاقائی بلکہ عالمی معیشت کو بھی متاثر کر سکتی ہے، کیونکہ دنیا کی بڑی مقدار میں تیل کی ترسیل اسی راستے سے ہوتی ہے' شی جنگ پنگ

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چینی صدر نے عالمی برادری سے تنازعات کے حل میں تعمیری کردار ادا کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ عالمی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق چینی صدر شی جن پنگ نے فوری اور جامع جنگ بندی کی اپیل کرتے ہوئے تمام تنازعات کو سیاسی اور سفارتی ذرائع سے حل کرنے پر زور دیا ہے۔ چینی صدر شی جنگ پنگ نے کہا کہ موجودہ عالمی حالات میں کشیدگی میں کمی ناگزیر ہے اور فریقین کو طاقت کے استعمال سے گریز کرتے ہوئے مذاکرات کا راستہ اختیار کرنا چاہیے۔ چینی صدر نے اس بات پر بھی زور دیا کہ دیرپا امن کے لئے بات چیت، باہمی احترام اور سفارتی کوششیں کلیدی حیثیت رکھتی ہیں جبکہ عالمی برادری کو بھی تنازعات کے حل میں تعمیری کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی توانائی اور تجارت کے لیے اہم گزرگاہ آبنائے ہرمز میں معمول کی بحری آمد و رفت کو ہر صورت برقرار رکھا

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا کا فرید گیٹ بہاولپور کا دورہ

اندرون فرید گیٹ بازار میں جاری بحالی اور تزئین و آرائش کے کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے فرید گیٹ بہاولپور کا دورہ کیا اور اندرون فرید گیٹ بازار میں جاری بحالی اور تزئین و آرائش کے کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے موقع پر ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا سمیت متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ کمشنر کو جاری تعمیراتی منصوبے کے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا، ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا اور دیگر اقلیتی برادری میں نگہبان کارڈ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول احمد نانچ کے ہیڈ ماسٹر محمد مبین اپنی طویل تدریسی خدمات مکمل کرنے کے بعد ریٹائر

ان کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں مہر محمد صدیق علاقے کی معزز شخصیات، اور اہل علاقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی

چنی گوٹھ: ریٹائر ہونیوالے ہیڈ ماسٹر راؤ محمد مبین کا مہر محمد صدیق اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

چنی گوٹھ (نامہ نگار) گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول احمد نانچ کے ہیڈ ماسٹر محمد مبین اپنی طویل اور شاندار تدریسی خدمات مکمل کرنے کے بعد ریٹائر ہو گئے۔ انہوں نے اپنی پیشہ ورانہ زندگی کے اکتیس سال شعبہ تعلیم کے لیے وقف کیے اور اس دوران بے شمار طلبہ کی علمی و اخلاقی تربیت میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں علاقے کی معزز شخصیات، اساتذہ، سماجی و سیاسی نمائندگان اور اہل علاقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر اقلیتی برادری کیلئے نگہبان کارڈ کی تقسیم کا باقاعدہ آغاز

کمشنر عرفان علی کاٹھیا اور ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے سینٹ ڈومینک چرچ میں مستحق مسیحی برادری تعلق رکھنے والے افراد میں نگہبان کارڈ تقسیم کیے

بہاول پور (پ ر) وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر اقلیتی برادری کے لیے "نگہبان کارڈ" کی تقسیم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں حکومت پنجاب کی جانب سے ضلع بہاولپور میں مستحق افراد تک مالی معاونت کی فراہمی کا عمل تیز کر دیا گیا ہے۔ اس موقع پر کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے سینٹ ڈومینک چرچ میں منعقدہ تقریب کے دوران مستحق مسیحی برادری خصوصاً محنت کش طبقے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا مستحق مسیحی افراد میں نگہبان کارڈ تقسیم کر رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا ہمراہ ہیں۔

پنجاب حکومت کا ملازمین کی تنخواہ سے متعلق بڑا فیصلہ

محکمہ خزانہ کی جانب سے صوبے بھر کے اکاؤنٹس افسران کو باقاعدہ ہدایات جاری کر دی گئی ہیں

یہ فیصلہ یکم مئی سے لے کر 3 مئی تک تعطیلات کے باعث کیا گیا ہے تاکہ ملازمین اور پنشنرز کو بروقت ادائیگیاں ممکن بنائی جاسکیں

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب حکومت نے ایک بڑا فیصلہ کرتے ہوئے سرکاری ملازمین کو تنخواہیں 30 اپریل کو ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق صوبائی حکومت نے پنشنرز کو بھی اسی روز پنشن کی ادائیگی کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ یہ فیصلہ یکم مئی سے لے کر 3 مئی تک تعطیلات کے باعث کیا گیا ہے تاکہ ملازمین اور پنشنرز کو بروقت ادائیگیاں ممکن

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جن پور موضع قادو والی، کے رہائشی جام محمد شاہد ریٹی کا معززین اور پولیس افسران کی موجودگی میں جرائم سے حلفاً توبہ کا اعلان

تقریب میں سابق صدر بار لیاقت پور سردار اسد نواز خان چانڈیہ ایڈووکیٹ سمیت مختلف سماجی و سیاسی شخصیات شریک تھیں

جن پور (نامہ نگار) موضع قادو والی، پرارہ شریف کے رہائشی جام محمد شاہد ریٹی نے معززین علاقہ اور پولیس افسران کی موجودگی میں باضابطہ طور پر جرائم سے مکمل حلفاً توبہ کا اعلان کر دیا۔ تقریب میں سابق صدر بار لیاقت پور سردار اسد نواز خان چانڈیہ ایڈووکیٹ سمیت مختلف سماجی و سیاسی شخصیات شریک تھیں تفصیلات کے مطابق موضع پرارہ شریف قادو والی کے رہائشی جام محمد شاہد

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر اعظم، فیلڈ مارشل نے پاکستان کی عزت بڑھانے کیلئے تاریخی کام کیا: نواز شریف

سیاسی میدان ہو یا دفاع کا معاملہ، ہم نے اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔ گلگت بلتستان پارلیمانی بورڈ کے اعلیٰ سطح اجلاس سے خطاب

گلگت بلتستان (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ ن کے صدر و سابق وزیر اعظم نواز شریف نے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاک بحریہ کا اینٹی شپ ویپن کروز میزائل کا کامیاب تجربہ

یہ میزائل مقامی سطح پر تیار کردہ جدید اینٹی شپ ویپن سسٹم ہے، جس نے اپنے ہدف کو انتہائی درستگی کے ساتھ نشانہ بنایا۔

وہ ملک کے بحری مفادات اور خود مختار سمندری حدود کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی، پاکستان نیوی کا عزم

راولپنڈی (سی ایم لنکس) پاکستان نیوی نے "تیمور" ایئر لانچڈ کروز میزائل کا کامیاب لائیو

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ہر سال 21 اپریل کو منائے جانیوالے نئی سوچ اور ایجادات کے عالمی دن منایا جاتا ہے

جس کا مقصد انسانیت کو درپیش سنگین مسائل کے حل کے لیے تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لانا ہے

جامعہ کے پرو ریکٹر اسلم ادیب کے تعلیمی وژن کے مطابق اس نشست کا مقصد ایک ایسا تعلیمی ماحول تشکیل دینا تھا

اقوام متحدہ کے زیر اہتمام ہر سال 21 اپریل کو منائے جانے والے نئی سوچ اور ایجادات کے عالمی دن منایا جاتا ہے جس کا مقصد انسانیت کو درپیش سنگین مسائل کے حل کے لیے تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لانا ہے۔ سی ایس زون کی جانب سے نیشنل کالج آف بزنس ایڈمنسٹریشن اینڈ اکنامکس میں "سی ایس زون انوویشن چیلنج پروگرام "2026" کے ایک خصوصی ایڈیشن کا

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پرو ریکٹر اسلم ادیب، محمد اسد الرحمن و دیگر ورلڈ کریٹیویٹی اینڈ انوویشن ڈے کے موقع پر سی ایس زون انوویشن چیلنج پروگرام میں طلباء و طالبات کے آئیڈیا سن رہے ہیں۔

کرپشن، بدعنوانی، نااہلی اور ناقص تفتیش پر کوئی کمپرومائز نہیں، ڈی پی او بہاولپور

محکمہ پولیس میں احتساب کے مضبوط نظام سے ہی میرٹ اور انصاف کا بول بالا ہوتا ہے

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب نے شفاف احتساب کے عمل کو یقینی بناتے ہوئے اپنے آفس میں اردلی روم کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر کرپشن، اختیارات سے تجاوز اور دیگر الزامات میں ملوث افسران و اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی کرتے ہوئے مختلف سزائیں سنائیں۔ محکمہ پولیس میں جزا و سزا کا

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی کھلی کچہری کا انعقاد

غفلت برتنے والے افسران سے جواب طلبی کی جائے، ڈی پی او رانا عبدالوہاب

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد، 25 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔ برآمدگی کے مقدمات میں جلد ریکوری کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

علامہ اقبال کی فکر آج بھی پاکستان کے روشن اور مستحکم مستقبل کیلئے رہنمائی فراہم کر رہی ہے

وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان اور صدر مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان اور صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کی فکر آج بھی پاکستان کے روشن اور مستحکم مستقبل کے لیے مؤثر رہنمائی فراہم کر رہی ہے، اقبال نے خودی، اخلاقی قوت، فکری آزادی اور مسلسل جدوجہد جیسے انقلابی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

علامہ اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں کو علیحدہ وطن کا شعور دیا

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے علامہ محمد اقبال کی برسی کے موقع پر اپنے جاری پیغام میں کہا ہے کہ مفکرِ اسلام علامہ اقبال نے ایک باوقار اور خود مختار پاکستان کا خواب دیکھا، اقبال کا تصور پاکستان ایک فلاحی اور انصاف پر مبنی ریاست کا عکاس ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ شاعر مشرق

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

گندم فروخت کی حد کا خاتمہ اور فی ایکڑ پانچ بوری کی شرط ختم کرنا ایک اہم ترین فیصلہ ہے

صوبائی وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن

کراچی (سی ایم لنکس) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ گندم فروخت کی حد کا خاتمہ اور فی ایکڑ پانچ بوری کی شرط ختم کرنا ایک اہم ترین فیصلہ ہے، سندھ حکومت کے فیصلے سے چھوٹے آبادگاروں کو براہ راست فائدہ پہنچے گا، کاشتکار بغیر کسی رکاوٹ کے اپنی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے چین کے سفیر کی ملاقات

خطے کی تازہ ترین صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے چین کے سفیر جیانگ زائی ڈونگ نے منگل کو یہاں ملاقات کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات میں خطے کی تازہ ترین صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چین کے سفیر نے امریکا اور ایران کے درمیان پائیدار امن و استحکام کے لیے پاکستان کی جانب سے روابط کو

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک بھر میں لوڈشیڈنگ جاری

بجلی کا شارٹ فال 4 ہزار 820 میگاواٹ تک پہنچ گیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ملک بھر میں لوڈشیڈنگ ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی جب کہ بجلی کا شارٹ فال 4 ہزار 820 میگاواٹ تک پہنچ گیا ہے۔ دستیاب معلومات کے مطابق ملک بھر میں بجلی کی مجموعی طلب 22 ہزار میگاواٹ ہے جب کہ بجلی کی پیداوار 17 ہزار 180 میگاواٹ تک محدود ہے۔ جس کے باعث طلب اور رسد میں

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ: تاج محل میں شادی دعوت ولیمہ کی پروقار تقریب

تقریب میں ایم پی اے میاں گزین عباسی نے خصوصی شرکت کی

احمد پور شرقیہ (شاہین لاشاری سے) موضع گلن لاڈ کے معروف زمیندار ملک نذیر کے صاحبزادے عامر نذیر اور عمر نذیر، معروف بزنس مین محمد شفیع ڈیسی کے بھانجے ملک ساجد ڈیسی ایڈووکیٹ، اور ڈاکٹر علی حسن کے کزن کی شادی دعوت ولیمہ کی پروقار تقریب تاج محل مارکی میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں ایم پی اے میاں گزین عباسی نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر صدر بار

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ: تاج محل میں شادی دعوت ولیمہ کی پروقار تقریب، ایم پی اے میاں گزین عباسی، صدر بار تاج ڈاہا ایڈووکیٹ اور جنرل سیکرٹری عمران علی ساہ ایڈووکیٹ دولہا عامر نذیر و عمر نذیر کے ہمراہ اسٹیج پر موجود۔

بزم سیرانیہ اویسیہ سمہ سٹہ کے زیر اہتمام سولہواں عظیم الشان درس قرآن

زیر سرپرستی علامہ محمد اجمل اویسی خطیب مرکزی جامع مسجد مین بازار زیر صدارت پیر طریقت میاں محمد راشد پیرزادہ آف سمہ سٹہ

مورخہ 26 اپریل مرکزی جامع مسجد مین بازار سمہ سٹہ میں نہایت مذہبی عقیدت و احترام سے منعقد ہو رہا ہے

سمہ سٹہ (نامہ نگار) بزم سیرانیہ اویسیہ سمہ سٹہ کے زیر اہتمام سولہواں عظیم الشان درس قرآن زیر سرپرستی علامہ محمد اجمل اویسی خطیب مرکزی جامع مسجد مین بازار زیر صدارت پیر طریقت میاں محمد راشد پیرزادہ آف سمہ سٹہ مورخہ 26 اپریل 2026 بروز اتوار بعد نماز عشاء مرکزی جامع مسجد مین بازار سمہ سٹہ میں نہایت مذہبی عقیدت و احترام سے منعقد ہو رہا ہے قاری محمد عابد حسین نقشبندی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: پنجاب کونسل آف دی آرٹس کے زیر اہتمام شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کے یوم وفات کے موقع پر منعقدہ سیمینار کے شرکاء کا گروپ فوٹو۔

پنجاب کونسل آف دی آرٹس بہاولپور کے زیر اہتمام فکری و علمی سیمینار کا انعقاد

سیمینار میں دانشوروں، ماہرین اقبالیات، اساتذہ کرام اور اہلِ علم کی بڑی تعداد نے شرکت کی

بہاول پور (پ ر) پنجاب کونسل آف دی آرٹس بہاولپور کے زیر اہتمام رشیدیہ آڈیٹوریم میں شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کے یوم وفات کی مناسبت سے "فکرِ اقبال میں عشقِ رسول کا مفہوم اور اس کے انفرادی و اجتماعی زندگی میں تقاضے" کے عنوان سے ایک فکری و علمی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں دانشوروں، ماہرین اقبالیات، اساتذہ کرام اور اہلِ علم کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے رکن اسلامی نظریاتی کونسل ملک اللہ بخش کلیار نے کہا کہ علامہ اقبال نے اپنی شاعری کے ذریعے نہ صرف عشق

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک دام

نشاط فیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802 – میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی' یامین' زین جی' اپ ٹائم' رواج' کرینٹ' کراؤن 'پوری' نارکنز لیڈیز ورائٹی' بن الیاس' ایڈن روب' رنگ رسیہ 'ایمان عدیل' علیز ے' زل بری' شنائیل' میرین کلاسک' بن وحید 'بن سعید' پیری ڈوٹ' موٹفز' شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد.....ہمارا معیار

نشاط آؤٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلوکلب
مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی
زارا | نائیک | پولو
فورکڈز | بیس | بینگو
کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے
پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل: محمد اسماعیل فاروقی
ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی
بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد
نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.CS. | FA{iT]

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل و ڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز
نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

OFFICE OF THE HORTICULTURE AGENCY BAHAWALPUR

DIRECTORATE OF PHATA, 2-A GARDEN AREA NEAR GOVERNMENT SHAUDA APS BOYS HIGH SCHOOL, SATELLITE TOWN, BAHAWALPUR

E TENDERING NOTICE

The tenders for the following scheme are invited from Engineering firms/contractors on the item rates basis, as per PPRA E-Tendering System, in line with relevant PPRA Rules (amended up to date). According to these Rules, all the firms/contractors can participate in tendering process with following terms and conditions: -

1. The intending contractors/firms having valid registration with the Pakistan Engineering Council in the relevant category/codes CE-09 and CE-10 are eligible to participate.
2. The Contractors/Firms has to be registered on E-PADS website or Punjab PPRA website (www.punjab.eprocure.gov.pk). Any information/ procedure regarding registration can be seen/obtained from website ppra.punjab.gov.pk/e-procurement.
3. All intending contractors/ firms have to upload the earnest money in the form of CDR in favor of the Horticulture Agency Bahawalpur @ 5% of the estimated cost and fill rates against items of work on the same website upto half hour before the opening date and time of opening of tender. However, original CDR has to be submitted to the tender opening committee on the same day, half hour before the opening of bids otherwise, the firm/ contractor will be disqualified in presence of tender opening committee.

Submission of Original CDR (earnest money) Date & Time	07-05-2026 at 11:00 AM
E Bid Submission Date & Time	07-05-2026 at 11:00 AM
E Bid Opening Date & Time	07-05-2026 at 11:30 AM

4. After filling the bids on website, contractors may attend the office of Horticulture Agency Bahawalpur on **07/05/2026 at 11:30 AM**, where all bids will be retrieved and quoted rates/successful bidder will be announced in the presence of Tender Opening Committee.
5. In case the lowest bidder whose bid will be more than 5% below of DNIT of the work, the lowest bidder will be bound to deposit the 10% of the Quoted rate as quality assurance security / Performance Grantee in shape of Call Deposit Receipt (CDR) from Schedule Bank within 15 days after opening of Tender/Bid.
6. In case of submission of any fake information/document such as CDR/receipt, the Contractor/Firm will be disqualified from the current tendering procedure and will be blacklisted to participate in any tendering process. Further recommendation to PPRA and PEC will also be made against such firm/contractor for appropriate action/ blacklisting.
7. The procuring agency may reject all bids or proposal at any time prior to acceptance of a Bid or proposals under PPRA Rule-35 (Rejection of Bids).

Sr. #	Name of Work	Estimated Cost (Rs in Rupees)	Bid Security 5% of estimated Amount (Rs in Rupees)	Time Limit
1	Uplifting/ Rehabilitation / Restoration/ Beautification of Multan Roundabout Chowk, Multan Road, Bahawalpur	Rs. 9,339,410/-	Rs. 466,970 /-	30-06-2026

Director Engineering
HA, Bahawalpur

IPB-213

بقیہ نمبر 01

ہو گی۔صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کیخلاف ملٹری آپریشن کے دوبارہ آغاز کیلئے تیار ہیں، آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول ہے، آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی ایک بڑی کامیابی ہے۔امریکی صدر کا کہنا تھا کہ ایران کا معاملہ بڑی ڈیل کے ساتھ ختم ہو جائے گا، ایران میں جو کچھ ہوا وہ حکومت کی تبدیلی ہے۔ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ جے ڈی وینس اور امریکی حکام مذاکرات کیلئے پاکستان کا دورہ کریں گے۔امریکی صدر نے کہا کہ امریکا جنگ ختم کرنے کیلئے ایران کے ساتھ معاہدہ کرلے گا، ایران کے پاس مذاکرات کے سوا دوسرا کوئی راستہ نہیں، ہم نے ان کی قیادت کو ختم کر دیا، نئی قیادت زیادہ معقول ہے۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سی این بی سی چینل سے ٹیلی فونک گفتگو میں کہا کہ مجھے کم عقل اور غدار لوگوں کی پرواہ نہیں، ہم نے وینزویلا پر 45 منٹ میں قبضہ کر لیا تھا۔ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ میں صدر ہوتا تو فوری طور پر ویت نام پر قبضہ کر لیتا، میں صدر ہوتا تو عراق جنگ میں بھی فوری کامیابی حاصل کر لیتا۔انہوں نے کہا کہ ایران ڈیل کر لیتا ہے تو وہ خود کو بہتر پوزیشن میں لاسکتا ہے، ایک عظیم ڈیل کرنا چاہتا ہوں مجھے اس معاملے میں جلدی نہیں۔امریکی صدر نے کہا کہ ایران اس وقت جس نہج پر ہے اسے معاہدہ کرنا ہی پڑے گا، میں اور فوج ایران کے خلاف فوجی مداخلت کے لئے تیار ہیں، شائد سیز فائر میں توسیع کی نوبت نہ آئے ڈیل ہو جائے گی۔ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ میں سمجھتا ہوں اور کوئی راستہ نہیں، دونوں فریقین آپس میں بیٹھیں گے تو ڈیل ہو جائے گی۔

بقیہ نمبر 02

حمایت کر رہے ہیں، آبنائے ہرمز کی مسلسل بندش کے باعث علاقائی بحران بین الاقوامی بحران بن گیا ہے۔ماجد الانصاری نے کہا کہ اسلام آباد مذاکرات کے حوالے سے قطر امریکا سمیت تمام فریقوں سے رابطے میں ہے، مذاکرات کی ناکامی کے بارے میں بات نہیں کرنا چاہتے۔ترجمان قطری وزارت خارجہ نے کہا کہ پاکستان اور اس کے خلیجی پڑوسیوں کے درمیان اہم تاریخی تعلقات ہیں، تمام خلیجی ممالک روزانہ کی بنیاد پر مختلف فریقین کے ساتھ براہ راست رابطے میں ہیں۔ماجد الانصاری نے کہا کہ یہ بحران ہمارا اور ہمارے علاقے کا بحران ہے اسی لیے ہمارے براہ راست رابطے ہیں، آبنائے ہرمز کے بحران کےحل کی ذمہ داری صرف ایک ملک کی ذمہ داری نہیں بلکہ تمام ممالک کی ہے۔ترجمان نے مزید کہا کہ قطر نے اپنی تاریخ کے دوران یہ ثابت کیا ہے کہ اس پر اعتماد کیا جاسکتا ہے، ہم حل تلاش کرنے کے لیے اپنے شراکت داروں کے ساتھ بات چیت جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر 03

سازی اور مسلسل جدوجہد کا جامع درس دیتی ہیں جو کہ آج بھی قومی ترقی کے لیے رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔منگل کو شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال کی برسی کے موقع پر جاری پیغام میں وفاقی وزیر نے کہا کہ فکرِ اقبال نئی نسل کے لیے عزم، حوصلے اور بلند مقاصد کے تعین کا روشن مینار ہے۔ علامہ اقبال نے نوجوانوں کو نہ صرف خواب دیکھنے بلکہ انہیں حقیقت کا روپ دینے کا ہنر بھی سکھایا جو کہ کسی بھی قوم کی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تعلیم اور کردار سازی اقبال کے فلسفے کا بنیادی ستون جبکہ خودی کا شعور قوموں کو بلندیوں تک پہنچاتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ آج درپیش چیلنجز کا پائیدار حل بھی فکرِ اقبال میں پوشیدہ ہے۔سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا کہ ایک مضبوط، خودمختار اور ترقی یافتہ پاکستان کی بنیاد اقبال کے نظریات پر عمل پیرا ہونے سے ہی ممکن ہے، یہی وہ راستہ ہے جو ہمیں قومی استحکام اور خوشحالی کی جانب لے جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 04

پیشرفت، معیار تعمیر اور درپیش مسائل پر متعلقہ افسران نے بریفنگ دی۔اجلاس کے دوران بتایا گیا کہ بہاولپور ڈویژن میں مجموعی طور پر 9 ترقیاتی منصوبے منظوری کے لیے پیش کیے گئے ہیں، جن میں عمارتوں کی تعمیر، سیوریج سسٹمز کی بہتری اور ہائی ویز سے متعلق اہم اسکیمیں شامل ہیں۔بہاولپور میں بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کمپلیکس کی تعمیر کا منصوبہ بھی پیش کیا گیا، جس کا تخمینہ تقریباً 366 ملین روپے ہے۔اسی طرح رحیم یار خان میں سیوریج سسٹم کی تعمیر و بحالی کے لیے تقریباً 320 ملین روپے کی اسکیم منظوری کے لیے پیش کی گئی۔اجلاس میں رحیم یار خان کی ہائی ویز اسکیموں اور مثالی گاؤں پروگرام کے تحت کچے کے علاقوں کی ترقیاتی منصوبوں پر بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور انہیں مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا اور تمام اسکیموں کو اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کرنا یقینی بنایا جائے۔اجلاس میں ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے شرکت کی، جبکہ ظہیر انور جپہ (ڈپٹی کمشنر رحیم یار خان) اور ذوالفقار احمد بھون (ڈپٹی کمشنر بہاول نگر) نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں حصہ لیا۔اجلاس میں بتایا گیا کہ یہ منصوبے وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت شروع کیے گئے ہیں، جن کا مقصد کچے کے علاقوں کی ترقی، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانا ہے۔کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 05

اپنے پیغام میں وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ پاکستان بطور ثالث ایرانیوں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے اور سفارت کاری و مذاکرات کی راہ پر گامزن ہے۔عطا تارڑ نے کہا کہ جنگ بندی 22 اپریل کی صبح 4:50 بجے ختم ہو رہی ہے، دو ہفتوں کی جنگ بندی ختم ہونے سے پہلے ایران کا مذاکرات میں شرکت کا فیصلہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ پاکستان نے ایرانی قیادت کو مذاکرات کے دوسرے دور میں شرکت کے لیے قائل کرنے کی مخلصانہ کوششیں کی ہیں اور یہ کوششیں تاحال جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 06

حوالے سے بریفنگ دی گئی اور پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبے اعلیٰ معیار کے مطابق اور مقررہ مدت کے اندر ہر صورت مکمل کیے جائیں۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، اس لیے کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبے کی مسلسل نگرانی کی جائے اور تعمیراتی کاموں کو تیز رفتاری سے مکمل کیا جائے تاکہ عوام جلد از جلد ان کے ثمرات سے مستفید ہو سکیں۔

بقیہ نمبر 07

ایک منظم نظام موجود ہے، اور کسی کو بدعنوانی یا اختیارات کے ناجائز استعمال کی اجازت ہرگز نہیں دی جاسکتی، ڈی پی او تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب نے اپنے آفس میں اردل روم کا انعقاد کیا۔جس میں 25 افسران و جوان پیش ہوئے۔اردل روم میں 01 کانسٹیبلان کو محکمہ سے برخاست کر دیا گیا۔اسی طرح 03 انسپکٹر، 02 سب انسپکٹر اور 01 کانسٹیبل کو سروس ضبطی کی سزا دی گئی۔01 اے ایس آئی اور 02 کانسٹیبلان کو تنخواہ قرقی کی سزا دی گئی۔اردل روم میں ڈی پی او بہاولپور نے 15 افسران و جوانوں کے جواب پر مطمئن ہو کر ان کے شوکاز فائل کیے۔اس حوالے سے بات کرتے ہوئے ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے کہا کہ محکمہ پولیس میں احتساب کے مضبوط نظام سے ہی میرٹ اور انصاف کا بول بالا ہوتا ہے۔کرپشن، بدعنوانی، نااہلی اور ناقص تفتیش پر کوئی کمپرومائز نہیں محکمہ میں صرف ایماندار محنتی، پروفیشنل افسران کی جگہ ہے۔اختیارات کا ناجائز استعمال محکمہ کے وقار کو مجروح کرتا ہے۔جس سے عوام کا محکمہ سے اعتماد کم ہوتا ہے۔تمام افسران اور ملازمان اپنے اپنے دائرہ اختیار میں رہ کر قانون کے مطابق حاصل ہونے والے اختیارات کا جائز استعمال کریں جس سے محکمہ میں بہتری کے ساتھ ساتھ لوگوں میں بھی اعتماد بحال ہوگا۔

بقیہ نمبر 08

کیے، غفلت برتنے والے افسران سے جواب طلبی کی جائے، ڈی پی او رانا عبدالوہاب۔تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او رانا عبدالوہاب کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 25 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کئے۔ڈی پی او بہاولپور نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے جبکہ متعدد ایس ایچ اوز کو کھلی کچہری میں طلب کر کے براہ راست جواب طلبی کی۔کھلی کچہری میں ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا۔ریکوری کے مقدمات میں ڈی پی او بہاولپور نے تفتیشی افسران کو حکم دیا ایک ہفتے کے اندر اندر ریکوری کر کے مدعی مقدمہ کے حوالے کر کے رپورٹ جمع کروائیں۔ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر بروقت حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کی فضا کو مزید مضبوط بنانا ہے۔شہریوں نے ڈی پی او کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کے مسائل کے فوری حل کے لیے براہ راست رابطہ ایک خوش آئند قدم ہے۔

بقیہ نمبر 09

جانا چاہئے، چینی صدر نے کہا کہ اس اہم سمندری راستے میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ نہ صرف علاقائی بلکہ عالمی معیشت کو بھی متاثر کر سکتی ہے، کیونکہ دنیا کی بڑی مقدار میں تیل کی ترسیل اسی راستے سے ہوتی ہے۔چینی صدر نے زور دیا کہ متعلقہ فریقین کو تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے کشیدگی سے گریز کرنا چاہئے اور بین الاقوامی قوانین کے مطابق جہاز رانی کی آزادی کو یقینی بنانا چاہئے۔

بقیہ نمبر 10

تصورات کے ذریعے امتِ مسلمہ کو نئی سمت عطا کی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال کی 88 ویں برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا۔انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال کی فکر آج بھی پاکستان کے روشن اور مستحکم مستقبل کے لیے مؤثر رہنمائی فراہم کر رہی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ اقبال نے خودی، اخلاقی قوت، فکری آزادی اور مسلسل جدوجہد جیسے انقلابی تصورات کے ذریعے امتِ مسلمہ کو نئی سمت عطا کی۔انجینئر امیر مقام نے کہا کہ علامہ اقبال کے نزدیک تعلیم صرف روزگار حاصل کرنے کا ذریعہ نہیں بلکہ ایک ہمہ جہت عمل ہے جو انسان کی ذہنی، اخلاقی اور روحانی تربیت کرتا ہے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کردار سازی، ذمہ داری اور مقصد پر مبنی تعلیم آج کے تعلیمی اور سماجی نظام کی بنیادی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ علم کو کردار کی تعمیر کا ذریعہ بنانا، آگاہی کو ذمہ داری میں ڈھالنا اور مہارتوں کے ذریعے معاشرے کی ترقی کو یقینی بنانا ہوگا، مضبوط، خودمختار اور ترقی پسند پاکستان کی تعمیر کے لیے یہی نظریہ ناگزیر ہے۔آخر میں انہوں نے یوم اقبال کے موقع پر اس عزم کا اعادہ کیا کہ ایسا پاکستان تشکیل دیا جائے گا جو علم، اعلیٰ کردار اور باصلاحیت نوجوانوں کی بنیاد پر خوشحال اور مستحکم ہو۔

بقیہ نمبر 11

کا خواب آج بھی ہماری قومی جدوجہد کی سمت متعین کرتا ہے، علامہ اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک علیحدہ وطن کا شعور دیا۔انہوں نے کہا کہ مفکرِ پاکستان کا پیغام خودی، عمل اور اتحاد کا درس دیتا ہے۔اقبال کا خواب ایک مضبوط، خوشحال اور باوقار پاکستان کی بنیاد ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں اقبال کے افکار کی روشنی میں پاکستان کو حقیقی معنوں میں فلاحی ریاست بنانا ہوگا، مفکرِ اسلام نے امتِ مسلمہ کو بیداری اور خود انحصاری کا راستہ دکھایا، شاعرِ مشرق کا فلسفہ نوجوانوں کے لیے امید اور حوصلے کا پیغام ہے۔

بقیہ نمبر 12

پیداوار سرکاری مراکز پر فروخت کر سکیں گے۔ایک بیان میں سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ گندم کی امدادی قیمت 3,500 روپے مقرر کرنا اور خریداری کا ہدف 10 لاکھ میٹرک ٹن رکھنا حکومت کی کسان دوست پالیسیوں کا ثبوت ہے، گندم خریداری مہم کو تیز کرنے اور کم خریداری والے اضلاع میں اقدامات کی ہدایات سے ہدف کے حصول کو یقینی بنایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ آبادگاروں کو ایک دن کے اندر سندھ بینک کے ذریعے فیول سبسڈی کی فراہمی شفافیت اور کارکردگی کی بہترین مثال ہے، اب تک کروڑوں روپے کی بروقت ادائیگیاں ہاریوں کے اعتماد میں اضافے کا سبب بنی ہیں۔شرجیل انعام میمن نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ، اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر متعلقہ افسران کو فیلڈ میں متحرک کیا گیا ہے تاکہ کسانوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے، آبادگاروں اپنی گندم سرکاری خریداری مراکز پر فروخت کریں تاکہ انہیں فوری ادائیگی اور حکومتی سہولیات میسر آئیں۔ان کا کہنا تھا کہ سندھ حکومت ہاریوں کے مفادات کے تحفظ اور صوبے کے غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 13

فروغ دینے کی مسلسل کوششوں کی مکمل حمایت کا اظہار کیا اور اس اقدام کی تعریف کی۔نائب وزیراعظم نے پاکستان-چین ہمہ موسمی اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ کو آگے بڑھانے کے عزم کا اعادہ اور دوطرفہ تعلقات کی مضبوطی کو اجاگر کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطحی تبادلوں کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 14

واضح فرق سامنے آ رہا ہے۔اعداد و شمار میں بتایا گیا ہے کہ پن بجلی ذرائع سے 4 ہزار 500 میگاواٹ بجلی پیدا ہو رہی ہے جبکہ تھرمل بجلی گھروں کی پیداوار 7 ہزار 900 میگاواٹ تک ہے۔اس کے علاوہ سولر پاور پلانٹس 420 میگاواٹ بجلی پیدا کر رہے ہیں۔ایٹمی بجلی گھروں کی پیداوار 2 ہزار 880 میگاواٹ ریکارڈ کی گئی ہے۔مزید برآں بگاس سے 100 میگاواٹ بجلی پیدا ہو رہی ہے اور ونڈ پاور پلانٹس 1380 میگاواٹ بجلی پیدا کر رہے ہیں۔حکام کے مطابق بجلی کی طلب اور پیداوار میں واضح فرق کے باعث ملک بھر میں مجموعی طور پر 8 گھنٹے تک لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 15

رسولؐ کو پروان چڑھایا بلکہ آنے والی نسلوں کی فکری آبیاری بھی کی۔انہوں نے کہا کہ اقبال کے نزدیک محبت، اخوت اور بیداریٔ ملت ہی مقصدِ حیات ہیں اور یہی عناصر ایک مضبوط اور باوقار قوم کی بنیاد بنتے ہیں۔نامور ماہرِ اقبالیات پروفیسر ڈاکٹر محمد اصغر سیال نے اپنے خطاب میں کہا کہ علامہ اقبال کے افکار نے محکوم قوم کو بیداری، خوداعتمادی اور جہدِ مسلسل کا شعور عطا کیا۔انہوں نے کہا کہ اقبال کی فکر آج بھی نوجوان نسل کے لیے مشعلِ راہ ہے اور ان کے پیغام میں حریتِ فکر اور خودی کی تعمیر کا درس نمایاں ہے۔پروفیسر ڈاکٹر رمضان طاہر کاشمیری نے کہا کہ اقبال کی شاعری اپنے عہد تک محدود نہیں بلکہ آنے والے زمانوں کے لیے بھی رہنمائی کا سرچشمہ ہے۔انہوں نے کہا کہ اقبال نے عشقِ رسولؐ کو زندگی کے ہر شعبے میں عملی طور پر اپنانے کا درس دیا۔ماہرِ اقبالیات عثمان اللہ نے کہا کہ اقبال کی شاعری میں آفاقیت کا تصور نمایاں ہے۔انہوں نے محکوم اقوام کو حوصلہ، عزم اور استقلال کا پیغام دیا اور مشکل حالات میں امید کا چراغ روشن رکھا۔پروفیسر ڈاکٹر عون محمد سعیدی نے کہا کہ اقبال کی شاعری عشقِ رسولؐ میں گندھی ہوئی ہے اور فکرِ اقبال اور عشقِ رسولؐ لازم و ملزوم ہیں۔معروف دانشور حافظ صفوان نے کہا کہ علامہ اقبال ایسے دور میں پیدا ہوئے جو برصغیر کے مسلمانوں کے لیے نہایت کٹھن تھا، تاہم اقبال نے اپنی فکر سے مایوسی کے اندھیروں میں امید کی شمع روشن کی۔ڈائریکٹر آرٹس کونسل و تعلقات عامہ بہاولپور ڈاکٹر ناصر حمید نے اپنے خطاب میں کہا کہ انفرادی اور اجتماعی سطح پر علامہ اقبال کا فکر و فلسفہ غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔انہوں نے تقریب میں شرکت پر شرکا کا شکریہ ادا کیا۔تقریب میں لیکچرار اسلامیہ یونیورسٹی حافظ عثمان اللہ، رکن اسلامی نظریاتی کونسل ملک اللہ بخش کلیار، پروفیسر ڈاکٹر رمضان طاہر کاشمیری، پروفیسر ڈاکٹر محمد اصغر سیال، پروفیسر ڈاکٹر عون محمد سعیدی، خواجہ امتیاز، واجد علی چوہدری، عبدالغفار قریشی، ڈاکٹر حفیظ قیصر، انور گریوال اور معروف خطاط محمد جہانگیر سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔سیمینار کے اختتام پر علامہ اقبال کی ملی و فکری خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا اور اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ فکرِ اقبال کو فروغ دے کر معاشرے میں اتحاد، بیداری اور عشقِ رسولؐ کے پیغام کو عام کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 16

لال سوہانرا تلاوت قرآن پاک کی سعادت حاصل کرینگے میاں محمد عامر پیرزادہ مہروی آف فیروزہ بارگاہ رسالت میں ہدیہ نعت پیش کرینگے حافظ غلام مصطفیٰ رضوی سلطانہ قرآن اکیڈمی نقابت کے فرائض انجام دینگے خصوصی خطاب مفتی اعظم پاکستان مناظر اسلام مفتی محمد شوکت علی سیالوی آف خانیوال درس قرآن دینگے اراکین بزم سیرانیہ اویسیہ قاضی عبدالستار مہر محمد ارشد پیرزادہ ملک محمد محسن ڈاکٹر محمد منیر محمد شعیب فریدی موبائل شاپ محمد آصف آرائیں ڈیجیٹل لائٹ محمد خالد اویسی اس بابرکت تقریب کے انعقاد کے لیے بھرپور کوشش و معاونت کر رہے ہیں مقامی و علاقائی علما کرام کے علاوہ بہاولپور یزمان خانقاہ شریف مسافر خانہ سے مذہبی روحانی شخصیات اہلسنت کی تنظیموں کے اراکین محبین معتقدین کثیر تعداد میں شرکت کرینگے

بقیہ نمبر 17

ایسوسی ایشن تاج ڈھکو ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری عمران علی سندھو ایڈووکیٹ، سابق صدور بار سید دیوان عبدالرشید بخاری ایڈووکیٹ و مہر شوکت یار ایڈووکیٹ، سابق چیئرمین رئیس عبدالحکیم پرہار، معروف بزنس مین چوہدری خالد جاوید، سلیم غوری عبدالحمید بڈانی ملک غذانی معظم چیمہ ڈاکٹر عباس سمیت سیاسی، سماجی، کاروباری اور وکلا برادری کی اہم شخصیات نے شرکت کی۔مہمانوں نے دلہا کو نئی زندگی کی مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔تقریب کے اختتام پر شرکا کے لیے پرتکلف کھانے کا اہتمام کیا گیا۔

بقیہ نمبر 18

بنائی جاسکیں۔اس حوالے سے محکمہ خزانہ کی جانب سے صوبے بھر کے اکاؤنٹس افسران کو باقاعدہ ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 19

ریلی نے معززین علاقہ پولیس آفیسران کی موجودگی میں جرائم سے توبہ کا حلف اٹھایا۔اس موقع پر جام محمد شاہد نے قرآن پاک پر حلف اٹھاتے ہوئے کہا کہ وہ آئندہ جرائم سے کنارہ کش ہو چکے ہیں اور ایک باعزت شہری کی حیثیت سے زندگی گزاریں گے۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں ان کے خلاف مختلف مقدمات درج کرائے گئے۔انہوں نے پولیس حکام سے اپیل کی کہ انہیں ایک اچھا انسان بننے کا موقع دیا جائے اور بار بار گرفتاریوں اور چھاپوں سے گریز کیا جائے تاکہ وہ معاشرے میں باعزت زندگی گزار سکیں۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سابق صدر بار لیاقت پور سردار اسد نواز خان چانڈیہ ایڈووکیٹ نے کہا کہ اگر کوئی شخص سچے دل سے توبہ کرے تو معاشرے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو بھی اسے مثبت زندگی کی طرف آنے کا موقع دینا چاہیے۔انہوں نے پولیس سے مطالبہ کیا کہ وہ جام محمد شاہد کو اصلاح کا موقع فراہم کرے تاکہ وہ معاشرے کا مفید شہری بن سکے تقریب میں موجود معززین اور پولیس افسران میں انچارج چوکی جن پور جام ممتاز احمد لاڑ، انچارج چوکی خان بیلہ رانا عاشق موعود رئیس شہزاد احمد ملک محمد عارف رڈ، رانا محمد اسماعیل، ملک خالد محمود ناچ ملک خدا بخش رڈ، ملک پرویز رڈ، خالد محمود مغل، چوہدری عبدالغفور جٹ، ملک خالد ناچ، مخدوم سید منصور عابد بخاری رانا ہارون عباس، محمد اسحاق طاہر خان، پیر ارشد ہاشمی، جام محمد نواز پرارہ، ملک راشد رڈ اسحاق طاہر بلوچ محمد جاوید بلوچ محمد عدنان بھٹو جام شبیر احمد ریٹی، جام سجاد ریٹی، ساجد اعوان، احمد مغل، نازک حسین شاہ، ظاہر خان، ملک محمد جاوید اعوان اور عمران ضیا سید شاہد اقبال گیلانی ملک محمد کاشف صمد آرائیں ریاض تسکین دھریجہ چوہدری محمد عارف محمد خالد نیازی سمیت دیگر سرکردہ شخصیات بھی موجود تھیں۔

بقیہ نمبر 20

کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پاکستان کی عزت بڑھانے کیلئے تاریخی کام کیا۔گلگت بلتستان پارلیمانی بورڈ کے اعلی سطح اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف کا کا کہنا تھا کہ سیاسی میدان ہو یا دفاع کا معاملہ، ہم نے اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے انتھک محنت کی، آج دنیا بھر میں ایک بار پھر سبز پاسپورٹ کی عزت ہو رہی ہے۔نواز شریف کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ (ن) نے گلگت بلتستان میں عوام کی خدمت کی ہے، گلگت بلتستان میں 60 ارب کی لاگت سے سڑک بنائی، فاصلے کم ہوئے، وزیراعظم شہباز شریف گلگت بلتستان کی ترقی پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کا کوئی احسان نہیں، عوام کا حق ہے، ہم نے ہمیشہ ملک کی خدمت کی ہے اور ترقی کی ہے۔مسلم لیگ (ن) کا ہر کارکن سب سے زیادہ عزیز ہے، پاکستان مسلم لیگ (ن) عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے، مسلم لیگ (ن) نے ہر محاذ پر اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہے۔نواز شریف نے کہا کہ گلگت بلتستان میں فنڈز کی کمی بیشی کو وزیراعظم دیکھیں گے، وزیراعظم شہباز شریف سے پیسے لے کر گلگت بلتستان کو میں خود دوں گا، گلگت بلتستان میں ہونے والے ترقیاتی کام مقامی لوگوں کا حق ہے۔انہوں نے کہا کہ مجھے لوگوں نے کہا چھوٹے سے علاقے میں اربوں روپے کی سڑکیں بنا رہے ہیں، میں نے کہا سڑکیں بنانا کوئی احسان نہیں ہے، 24 گھنٹے کا سفر 10 گھنٹے کا ہوگیا، لواری ٹنل میں اربوں روپے خرچ ہوئے جو خرچ کرنا انتہائی ضروری تھا۔سابق وزیراعظم نے کہا کہ اسلام آباد اور پنجاب میں بھرپور ترقیاتی منصوبے جاری ہیں، دوسرے صوبوں کو بھی پنجاب کے منصوبوں کی تقلید کرنی چاہیے، مقامی حکومتیں وفاقی حکومت کے ساتھ ساتھ خود بھی اپنے فنڈز جنریٹ کریں۔نواز شریف نے کہا کہ آپ کا بجٹ صرف لوگوں کی جیب میں نہیں جانا چاہئے آن گراؤنڈ استعمال ہونا چاہئے، ہم نے کبھی نہیں کہا فلاں نے یہ کیا فلاں پارٹی نے وہ کیا۔انہوں نے کہا کہ پندرہ سال سے خیبر پختونخوا میں ایک حکومت ہے، پندرہ سال سے وہاں کیا ہو رہا ہے، خیبر پختونخوا میں کہاں فری ادویات اور اچھی ٹرانسپورٹ مل رہی ہے؟ کیا کوئی وہاں سکھ کا سانس لے رہا ہے؟ جب یہ چیزیں نظر نہ آئیں تو پھر دل کرتا ہے وہاں ایسا کیوں نہیں ہو رہا؟۔

بقیہ نمبر 21

ویپن فائرنگ تجربہ کیا ہے۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق یہ میزائل مقامی سطح پر تیار کردہ جدید اینٹی شپ ویپن سسٹم ہے، جس نے اپنے ہدف کو انتہائی درستگی کے ساتھ نشانہ بنایا۔آئی ایس پی آر کے مطابق اس کامیاب تجربے سے پاکستان نیوی کی طویل فاصلے تک دشمن کے بحری اہداف کو تلاش کرنے، نشانہ بنانے اور مؤثر انداز میں تباہ کرنے کی صلاحیت کی تصدیق ہوئی ہے۔بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ تجربہ قومی دفاعی صلاحیت میں ایک اہم سنگ میل ہے، جس سے مسلح افواج کی روایتی جنگی میدان میں مشترکہ اور ہمہ جہت حملہ آور صلاحیت مزید مضبوط ہوئی ہے۔پاکستان نیوی نے عزم ظاہر کیا ہے کہ وہ ملک کے بحری مفادات اور خودمختار سمندری حدود کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔صدر مملکت، وزیراعظم پاکستان، چیف آف ڈیفنس فورسز اور تینوں مسلح افواج کے سربراہان نے اس کامیابی پر سائنسدانوں اور انجینئرز کو مبارکباد دی ہے۔

بقیہ نمبر 22

تقریب میں سابق چیئرمین و ناظم یونین کونسل چنی گوٹھ مہر محمد صدیق نے بطور خاص شرکت کی اور اپنے خطاب میں رامحمد مبین کی تعلیمی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ ایک مخلص، دیانتدار اور فرض شناس استاد رہے ہیں جنہوں نے ہمیشہ طلبہ کی بہترین رہنمائی کی۔دیگر مقررین میں رامحمد اسلم چوہان، را خالد محمود) سابق نائب ناظم (اے ای او ظہیر اقبال، عطاالرحمٰن، سید شبیر حسین شاہ، ماسٹر شفیع شاہین اور مظہر اقبال چنڑ شامل تھے۔مقررین نے اپنے خطابات میں رامحمد مبین کی تدریسی خدمات، خوش اخلاقی اور پیشہ ورانہ لگن کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔اس موقع پر میاں عبدالماجد مہند، عبدالحفیظ فہیم، مقامی بزنس مین حاجی محمد اقبال مغل، را رضوان علی، حاجی محمد عارف، رانا ساجد غفار، میاں محمد اکرام مہند) سابق کونسلر (سمیت دیگر معززین بھی موجود تھے۔تقریب کے اختتام پر رامحمد مبین کو ان کی شاندار خدمات کے اعتراف میں تحائف اور یادگاری شیلڈ پیش کی گئی اور ان کی آئندہ زندگی کے لیے نیک تمناں کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ نمبر 23

سے تعلق رکھنے والے افراد میں نگہبان کارڈز تقسیم کیے۔کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع بہاولپور میں اب تک 131 سے زائد نگہبان کارڈز مستحق افراد میں تقسیم کیے جا چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب اقلیتی برادری کی خوشیوں میں برابر کی شریک ہے اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ نگہبان کارڈ کے ذریعے مستحق افراد کو مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ وہ اپنی بنیادی ضروریات باعزت طریقے سے پوری کر سکیں۔انہوں نے مزید کہا کہ اقلیتی برادری کے مستحق افراد کو حکومتی سہولیات تک بہتر رسائی فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔کمشنر بہاولپور ڈویژن نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت پنجاب تمام شہریوں کو بلاامتیاز سہولیات اور تحفظ فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔نگہبان کارڈ کے اجراء کا مقصد اقلیتی برادری کو سماجی تحفظ فراہم کرنا اور انہیں قومی دھارے میں مزید مضبوط بنانا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اقلیتی برادری کی فلاح کے لیے جاری منصوبوں پر تیز رفتاری سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔وزیراعلیٰ پنجاب کی قیادت میں اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی ترقی کے لیے متعدد فلاحی پروگرام شروع کیے جا چکے ہیں، جن کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 24

انعقاد کیا گیا۔اس اہم تقریب کا بنیادی مقصد نوجوان طلبا و طالبات کے بکھرے ہوئے تخیلات کو محض کاغذ تک محدود رکھنے کے بجائے انہیں سی ایس زون کے تکنیکی تعاون سے ٹھوس اور کارآمد منصوبوں میں ڈھالنا ہے تاکہ پاکستان کی ڈیجیٹل خودمختاری کے خواب کو شرمندہ تعبیر کیا جاسکے۔جامعہ کے پرو ریکٹر اسلم ادیب کے تعلیمی وژن کے مطابق اس نشست کا مقصد ایک ایسا تعلیمی ماحول تشکیل دینا تھا جہاں طلبا و طالبات کی علمی تحقیق کو تجارتی اور عوامی سطح پر مفید بنایا جا سکے جبکہ جامعہ کی جانب سے علی اصغر نے تمام تر انتظامی امور کی نگرانی کی تاکہ نوجوانوں کو اپنی پوشیدہ صلاحیتوں کے اظہار کا بھرپور موقع مل سکے۔سی ایس زون کے سربراہ محمد اسد الرحمٰن نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے واضح کیا کہ معاشرے میں نوے فیصد بہترین خیالات صرف اس لیے ضائع ہو جاتے ہیں کیونکہ انہیں مناسب سرپرستی اور فنی مہارت میسر نہیں ہوتی لہٰذا سی ایس زون کا یہ اقدام اسی خلا کو پر کرنے کی ایک مخلصانہ کاوش ہے جہاں ادارے کے ماہرین کی ٹیم، بشمول انم بنت مدثر، جواد علی، شہلا رفیق اور اسد اقبال، طلبا و طالبات کے آئیڈیاز کو پرکھ کر انہیں حقیقت میں ڈھالنے کے لیے رہنمائی فراہم کرے گی۔پروگرام کے دوران طلبا و طالبات نے سائبر سکیورٹی، مصنوعی ذہانت اور جدید مربوط نظام جیسے اہم شعبوں میں اپنے منفرد منصوبے پیش کیے جنہیں اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی اہداف کی روشنی میں پرکھا گیا۔سی ایس زون کی اس کاوش کا اصل مقصد یہ ہے کہ کامیاب ہونے والے منصوبوں کو ادارے کے شعبہ تحقیق و ترقی کے تعاون سے باقاعدہ طور پر تیار کر کے مارکیٹ میں لایا جائے اور نوجوان نسل کو براہ راست پیشہ ورانہ دنیا سے جوڑا جائے۔

☆☆☆
☆☆☆☆☆☆

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
536-535 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ